# Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department


# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

06نومبر 2023

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا قیدِ ناروا میں عظمت، جرات، بہادری اور استقامت کی بے مثال تاریخ رقم کرنے پر چیئرمین تحریک انصاف کو خراجِ تحسین

- چیئرمین تحریک انصاف اپنی قوم کی حقیقی آزادی کیلئے جدوجہد، مزاحمت، بالغ نظری، الوالعزمی اور استقامت کا استعارہ ہیں۔
- بغیر کسی قانونی جواز کے محض ریاست کے ننگے انتقام کا نشانہ بنتے ہوئے کم و بیش سو روز سے جیل میں قید چیئرمین تحریک انصاف کے پایۂ استقامت میں لغزش کے کوئی آثار نہیں۔
- عمران خان کی جواں ہمّتی، ثابت قدمی اور اپنی قوم کی حقیقی آزادی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کا عزمِ مصمّم 24 کروڑ پاکستانیوں کیلئے ہمت و حوصلے کا وسیلہ بن رہا ہے۔
- اپنی چوری، ذاتی مفادات اور گھٹیا سیاست بچانے کیلئے ریاست سے سمجھوتوں کی بھیک مانگنے، معافی ناموں سے منہ کالا کرکے باہر بھاگنے اور این آر اوز کی چھتری لیکر واپس آنے والے بے حمیّت کرداروں کی سیاست کو عوام پیروں تلے روند چکے ہیں۔


Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- ریاستی جبر وفسطائیت کی کوئی مقدار تحریک انصاف کو آئین کی بالادستی، جمہوریت کی بحالی، قانون کی حکمرانی اور ملک و قوم کی ترقی وخوشحالی کے ایجنڈے کے ساتھ انتخابی میدان میں اترنے سے نہیں روک سکتی۔

## چیئرمین عمران خان کی نڈر قیادت کی ہدایت پر پاکستان تحریک انصاف کا ہر قسم کے ریاستی ظلم وجبر کے باوجود قومی وصوبائی اسمبلیوں کے انتخابات میں بھرپور حصہ لینے کا اعلان

- پاکستان تحریک انصاف ملک بھر میں قومی و صوبائی اسمبلی کے انتخاب کیلئے ہر حلقے میں اپنا امیدوار نامزد کرے گی۔
- بے گناہ چیئرمین عمران خان انتخاب سے قبل جیل سے رہا ہو کر اس تاریخی انتخاب میں اپنی قوم کی قیادت کریں گے۔
- ریاست نے اپنی کٹھ پتلیوں کے عبرتناک انجام سے خوفزدہ ہو کر انہیں ماورائے قانون انداز میں قید میں رکھا تو عمران خان جیل کی سلاخوں کے پیچھے سے اپنی قوم کی قیادت کریں گے اور عوام کی تائید وحمایت سے ظلم کو اس کے کارندوں سمیت شکستِ فاش سے دوچار کریں گے۔

## کور کمیٹی کی جانب سے انتخابات سے قبل تحریک انصاف کے قائدین، کارکنان کے خلاف پرتشدد ریاستی کارروائیوں اور پرامن سیاسی سرگرمیوں کیخلاف غیر قانونی فسطائی اقدامات میں شدت کی شدید مذمت

- بدترین ریاستی مداخلت، ناہموار انتخابی میدان اور دھاندلی سے کروائے گئے انتخابات کو قوم تسلیم کرے گی نہ دنیا میں اسے کوئی حیثیت حاصل ہو گی۔

**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

- انتخاب کی تاریخ کے تعیّن کے بعد تحریک انصاف کو انتخاب کی دوڑ سے جبراً باہر کرنے اور اسے لیول پلیئنگ فیلڈ سے محروم کرنے کی قابلِ مذمت کوششیں قوم اور دنیا کے سامنے زیادہ نمایاں ہوئی ہیں۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان دھاندلی کی سیاہی اپنے چہرے پر ملنے سے گریز کرے جبکہ عدالتِ عظمٰی ریاستی مشینری کے سر پر جھُرلو انتخاب کے سوار بھوت کا نوٹس لے۔

## کور کمیٹی کی جانب سے پہلے پی ڈی ایم اور اب نگران حکومت کی جانب سے معیشت کی تباہی پر وائیٹ پیپر کے اجراء کی بھی منظوری

- پاکستان تحریک انصاف کی معاشی ٹیم گزشتہ 20 ماہ کے دوران ملکی معیشت کی ناقابلِ تصوّر تباہی پر باضابطہ وائیٹ پیپر جاری کرے گی۔
- وائیٹ پیپر میں نالائقوں، نااہلوں اور مجرموں کے معیشت کے ساتھ سنگین کھلواڑ کی داستان تفصیلات اور اعداد و شمار کے ساتھ قوم کے سامنے رکھی جائے گی

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk